5457 ـ كيا " الرشيد " الله تعالى كے اسماء ميں سے ہے ۔

سوال

ميں آخرى ايام ميں ايک مضمون پڑھا ہے جس ميں يہ ہے کہ الرشيد الله تعالى كے اسماء ميں سے ہے ، مجھے اس كا علم نہيں کہ آيا يہ معلومات ان معلومات سے زيادہ صحيح ہيں جوكہ ميرے پاس امام شوكانى كى كتاب " تحفة الذاكرين " ميں ہيں ، توكيايہ ممكن ہےکہ آپ اس كى وضاحت فرمائيں ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

الرشيد الله تعالى كے اسماء ميں سے نہيں اس لئے کہ نہ تويہ قرآن كريم ميں اورنہ ہى سنت نبويہ صحيحہ ميں وارد ہے ، اور پھر بات يہ ہے کہ الله تعالى كے اسماء توقيفى ہيں توالله تعالى كا وہى اسم ركھا جائے گا جو کہ الله تعالى نے اپنا نام خود ركھا ہو يا اس كے رسول صلى الله عليہ وسلم نے ركھا ہو ۔

والله تعالى اعلم .